سوال

(17) شوہر اپنی بیوی مرحوم، یا بیوی شوہر مرحوم کو بعد انتقال غسل الخ

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

شوہر اپنی بیوی مرحوم، یا بیوی شوہر مرحوم کو بعد انتقال غسل بلا عذر دے سکتے ہیں یا نہیں، بعض علماء فرماتے ہیں کہ بعد موت عورت مرد پر حرام ہوجاتی ہے اس وجہ سے غسل دینا کیا معنی چھونا تک حرام ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جائز ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کو غسل دیا تھا۔ واللہ اعلم

تعاقب: ... (مولانا محمد یونس صاحب محدث دہلوی) جواب طلب یہ امر ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کو غسل دینے کا ثبوت جس حدیث میں مرقوم ہے کتب حدیث کا حوالہ مکمل و مفصل تحریر فرما دیں۔ میرے ایک دوست حنفی بھائی نے اعتراض کیا ہے۔ کہ کس حدیث میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو غسل دینے کا مرقوم ہے۔ جواب مدلل ہونا چاہیے۔

جواب: ... حضرت علی رضی اللہ عنہ والی روایت مسند امام شافعی اور دار قطنی میں ہے۔ (۱) آنحضرت ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو فرمایا تھا اگر تو میرے سامنے فوت ہوء تو میں تجھے غسل دوں گا۔ (ابن ماجہ) اکثر علماء اس کے جواز کے قائل ہیں۔ (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۵۳۱)

(۱) ص ۱۹۴ مع تعلیق انصاری دہلوی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 05 ص 49